عبدالرؤف جانباز
3/11/86

گلدستۂ اخبار

—— گورنر بنگال پر حملہ کرنے والی لڑکی کو نو سال قید کی سزا دی گئی۔

—— حضور نظام دکن مع صاحبزادگان ۱۵۔ فروری کو دہلی تشریف لائے تھے جن کا بہت شاندار استقبال کیا گیا۔

—— لنڈن۔ ہوائی جہازوں کا تصادم ہو گیا جس کے باعث دو ہوا باز ہلاک اور ایک زخمی ہوا۔

—— راجہ سرہری کشن کول کی جگہ لفٹنٹ ای۔ جے۔ ڈی کالون وزیر اعظم ریاست کشمیر مقرر ہوئے ہیں۔

—— سر سید سلیمان شاہ صاحب الہ آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس مقرر ہوئے ہیں۔

—— خزانہ بنوں میں ڈیڑھ لاکھ روپیہ غبن کرنے کے جرم میں خزانچی کو سات سال قید ½۱ ہزار روپیہ جرمانہ اور اسسٹنٹ خزانچی کو تین سال قید پانچسو روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی۔

—— معلوم ہوا ہے کہ مارچ کے بعد بصرہ اور کراچی کے درمیان ہوائی جہاز کے ذریعہ آمد و رفت کی جایا کریگی۔

—— نواب صاحب چھتاری نے اسلامیہ کالج پشاور کو ۵ ہزار روپیہ عطا کیا۔

—— دہلی۔ محکمہ تار و ڈاک کو ۱۹۳۰-۳۱ء کی رپورٹ میں ۳۹ لاکھ روپیہ کا خسارہ ہوا۔

—— امریکہ میں اسوقت نوے لاکھ اشخاص بے کار ہیں۔

—— اخبار "مباہلہ" کے کارپردازوں کو قادیانی مقدمہ میں چھ چھ ماہ قید اور سو سو روپیہ جرمانہ ہوا ہے۔ (افسوس)

—— لاہور۔ بزاز ہٹہ میں بدیشی کپڑے کی دوکانوں پر پکٹنگ جاری ہے اور روزانہ گرفتاریاں ہو رہی ہیں۔

—— قادیان میں ۱۹/۲۰ مارچ کو آریہ سماج کا جلسہ ہونا قرار پایا ہے۔ (قادیان میں آریہ سماج!)